# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 28 July-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 28/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ 2047 تک بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنانے کا ہر ایک کا ہدف۔

☆ نیتی آیوگ اجلاس میں وزیر اعظم نریندر مودی کا استدلال۔

☆ اجلاس میں بین الریاستی ندی جوڑ پروجیکٹ پر بھی تبادلہ خیال۔

☆ مہاراشٹر کے گورنر کی حیثیت سے سی پی رادھا کرشنن اور سابق اسمبلی اسپیکر ہری بھاؤ باگڑے راجستھان کے گورنر نامزد۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کا آج من کی بات پروگرام میں قوم سے خطاب۔

اور۔۔۔☆ پیرس اولمپک مقابلوں میں نشانہ باز منو بھاکر آخری راؤنڈ میں داخل' ہاکی اور ٹینس مقابلوں میں میں بھارت کا فاتحانہ آغاز۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ 2047 تک بھارت کو ترقی یافتہ بنانا ہر ایک کا ہدف ہے اور عوام سے راست رابطہ ہونے کے سبب ریاستی حکومتیں اس ہدف کے حصول میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔کل نئی دلّی میں نیتی آیوگ کے 9/ویں اجلاس سے وہ خطاب کرر ہے تھے۔اس اجلاس میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے سمیت تمام ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ شریک تھے۔

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اجلاس میں دودھ، کپاس، سویابین اور پیاز سے متعلق کسانوں کے مطالبات نیز مہاراشٹر کے اہم بنیادی ڈھانچوں اور ترقیاتی منصوبوں کا معاملہ اجلاس میں اٹھایا۔بعدازاں اخباری نمائندون سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ مراٹھواڑہ سمیت پورے مہاراشٹر میں قحط سالی سے نمٹنے کیلئے بین الریاستی ندی جوڑ پروجیکٹ پر عمل درآمد سے متعلق بھی اجلاس میں تبادلہ خیال کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ مراٹھواڑہ واٹر گریڈ منصوبہ اور سمندر میں بہہ جانے والے ندیوں کے پانی کو قحط سے متاثرہ علاقوں کی سمت موڑنے جیسے اہم موضوعات پر نیتی آیوگ کے اجلاس میں غور کیا گیا۔

دریں اثناء وزیر اعلیٰ ماجھی لاڈکی بہن اسکیم اور نوجوانوں کے لئے دوران تعلیم وظیفہ کی اسکیموں پر اپوزیشن کی جانب سے جاری تنقید کو وزیر اعلیٰ نے بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا۔نائب وزیر اور وزیر اعلیٰ اور وزیر خزانہ اجیت پوار نے اس اسکیم کی وزارت مالیات کی جانب سے مخالفت کی خبروں کو بے بنیاد اور سیاسی محرکات پر مبنی قرار دیا۔

سانگلی میں سیلاب سے متاثرین کی امداد کیلئے فوج کی ایک ٹیم سانگلی پہنچ چکی ہے۔اس میں انجینئرز پر مشتمل دستہ،انفینٹری اور میڈیکل ٹیم کے 100 کے قریب اہلکار،امدادی آلات اور کشتیاں شامل ہیں۔ضلع میں 4 ہزار سے زائد افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے۔کرشناندی کل آٹروَن پل کے قریب 40 فٹ اور میرج کرشنا گھاٹ پر 52 فٹ کی بلندی پر بہہ رہی تھی۔

***** ***** *****

کولہاپور ضلع کے رادھانگری ڈیم سے بھوگاوتی ندی میں پانی کا نکاس جاری ہے۔جس کے باعث پنچ گنگا ندی کی سطح آب 47 فٹ تک پہنچ چکی ہے۔موسلا دھار بارشوں کے باعث ضلع کی 11 ریاستی شاہراہیں اور 37 اہم سڑکیں بند ہیں۔

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے صورتحال کا جائزہ لیکر سیلاب متاثرین کی فوری امداد کی ہدایت انتظامیہ کو دی ہے۔علاوہ ازیں الماٹی ڈیم سے پانی کے اخراج کے سلسلے میں کرناٹک حکومت سے رابطہ کر کے منصوبہ بندی کا حکم بھی دیا۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے سربراہ شرد پوار نے کہا ہے کہ ریزرویشن کے مسئلے پر حکومت ہر ایک سے ہم آہنگی برقرار رکھے ،یہی ان کی پارٹی کا موقف ہے۔کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کے رواں اجلاس کے بعد آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے نشتوں کی تقسیم کے موضوع پر گفت وشنید ہوگی۔

اسی دوران قانون ساز کونسل کے رکن بابا جانی درانی نے کل شرد پوار کی موجودگی میں راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی۔

***** ***** *****

صدر جمہوریہ دروپدی مرمونے کل مختلف ریاستوں کیلئے گورنر نامزد کئے ہیں۔ان میں مہاراشٹر کے گورنر کی حیثیت سے جھارکھنڈ کے موجودہ گورنر سی پی رادھا کرشنن کو نامزد کیا گیا ہے۔مہاراشٹر اسمبلی کے سابق اسپیکر ہری بھاؤ باگڑے کو راجستھان کا گورنر نامزد کیا گیا ہے۔

تیلنگانہ کیلئے جشنو دیو ورما،سکیم کیلئے اوم پرکاش ماتھر،جھارکھنڈ سنتوش کمار گنگوار،چھتیس گڑھ امین ڈیکا اور آسام کیلئے لکشمن پرساد آچاریہ کو نامزد کیا گیا ہے۔

پنجاب کے گورنر اور مرکز کے زیر انتظام علاقے چندی گڑھ کیلئے گلاب چند کٹاریہ کو پدوچیری کے لفٹنٹ گورنر کی حیثیت سے کیلاش ناتھن اور میگھالیہ کے گورنر کی حیثیت سے سی ایچ وجے شنکر کو نامزد کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

وزیراعظم نریندر مودی آج ۱۱ بجے من کی بات پروگرام کے سلسلے میں عوام سے مخاطب ہونگے۔اس سلسلے کے تیسرے دور کا یہ دوسرا پروگرام ہے۔آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام ویب سائٹ نیوز آن اے آئی آر اور موبائیل ایپ پر یہ پروگرام راست نشر کیا جائیگا۔آکاشوانی دوردرشن،وزیراعظم دفتر اور وزارت نشریات کے یوٹیوب چینلوں پر بھی اسے براہ راست نشر کیا جائیگا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** **** *****

پیرس اولمپک مقابلوں میں بھارتی نشانہ باز منو بھاکر نے خواتین کے 10 میٹرائیر رائفل کے زمرے کے کوالیفائنگ راؤنڈ میں تیسرا مقام حاصل کرتے ہوئے فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔ یہ فائنل آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ گذشتہ 20 برسوں میں شانہ بازی کے شخصی زمرے میں فائنل میں پہنچنے والی منو بھاکر پہلی نشانہ باز بن گئی ہیں۔

دریں اثناء 10 میٹرائیر رائفل مکسڈ زمرے سے بھارت کی ٹیم باہر ہوگئی۔کوالیفائنگ راؤنڈ میں سندیپ سنگھ اورایلیوین ولاریوان کی جوڑی اورارجن ببوتا اور رمیتا جندال کی جوڑی 12 ⁄ ویں اور چھٹے مقام رہیں۔

***** **** *****

ہاکی میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو تین۔2 سے شکست دیکر فاتحانہ آغاز کیا۔ بھارت کی جانب سے ہرمن پریت کور نے میچ کے اختتام سے ایک منٹ قبل پنالٹی اسٹروک پر گول کرکے بھارت کو فتح دلائی۔ بیڈمنٹن میں مردوں کے ڈبلز مقابلوں میں چراگ شیٹی اور ساتوک سائی راج رنکی ریڈی کی جوڑی نے پہلے میچ میں فرانس کی جوڑی کے خلاف فتح حاصل کی۔ مردوں کے سنگلز میں لکشیہ سین نے گوتے مالا کے کھلاڑی کو 8-21 اور 10-22 سے شکست دی۔

***** **** *****

سری لنکا کے پلے کلے میں کھیلے گئے پہلے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچ میں بھارت نے سری لنکا کو 43 رنوں سے شکست دیدی۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے مقررہ 20 اوور میں 7 وکٹ کے نقصان پر 213 رن بنائے۔ جواب میں سری لنکا کی ٹیم 170 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ ریان پراگ نے تین، ارش دیپ اور اکشر پٹیل نے 2-2 وکٹ لئے۔اس فتح کے ساتھ ہی تین میچوں کی سیریز میں بھارت نے ایک صفر کی برتری حاصل کرلی ہے۔ سیریز کا دوسرا میچ آج شام 7 بجے سے کھیلا جائیگا۔

***** **** *****

لاتور ضلع کے 8 آیوشمان آروگیہ وردھینی مراکز کو قومی معیار درجہ بندی دی گئی ہے۔ ان تمام مراکز کو 12 ⁄ خدمات کیلئے مجموعی طور پر 2 لاکھ 16 ہزار روپئے کا انعام دیا جائیگا۔

***** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں کل کسانوں اور پرڈیوسر کمپنیوں کے اجلاس ترنگ کا کل آغاز ہوا۔اس اجلاس کا افتتاح نیشنل اگریکلچر اینڈ رول ڈیولپمنٹ بینک نابارڈ کے پونا ریجنل دفتر کے منیجر پردیپ پراتے نے کیا۔انھوں نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ شہریوں کو اس نمائش میں شرکت کرکے کسانوں کی تیارکردہ اشیاء خریدنا چاہیئے۔جس سے ان کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

***** **** *****

راشٹروادی شرد چندر پوار پارٹی کے ریاستی صدر جینت پاٹل کی موجودگی میں کل بیڑ میں پارٹی کارکنوں کا ایک اجتماع منعقد ہوا۔اس موقع پر جینت پاٹل نے اسمبلی انتخابات کے پیش نظر ضلع کے اسمبلی حلقوں میں سیاسی صورتحال کا جائزہ لیا۔

***** ***** *****

کسانوں کے مختلف مطالبات پر شیتکری سنگھٹنا کی جانب سے آئندہ ۹ راگست کو کرانتی دن کے موقع پر پونا میں ایک ٹریکٹر مورچہ نکالا جائیگا۔سنگھٹنا کے رہنما رگھوناتھ پاٹل نے کل لاتور میں اخباری کانفرنس میں یہ اعلان کیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆2047 تک بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنانے کا ہر ایک کا ہدف۔

☆ نیتی آیوگ اجلاس میں وزیراعظم نریندر مودی کا استدلال۔

☆اجلاس میں بین الریاستی ندی جوڑ پروجیکٹ پر بھی تبادلہ خیال۔

☆مہاراشٹر کے گورنر کی حیثیت سے سی پی رادھا کرشنن اور سابق اسمبلی اسپیکر ہری بھاؤ باگڑے راجستھان کے گورنر نامزد۔

☆وزیراعظم نریندر مودی کا آج من کی بات پروگرام میں قوم سے خطاب۔

اور۔۔۔☆ پیرس اولمپک مقابلوں میں نشانہ باز منو بھاکر آخری راؤنڈ میں داخل' ہاکی اور ٹینس مقابلوں میں میں بھارت کا فاتحانہ آغاز۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

***** ***** *****